لافتی الا علی لاسیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۸ شوال سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۲ جون سنہ ۱۹۲۴ء	نمبر ۲۲

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

رپورٹ ملاحظہ ہوئی پیشگی تنخواہ ایک قرضہ خاص ہے جو بعد ختم ماہ تنخواہ ملنے پر قرض لینے والے کو بیباق کرنا چاہیے۔ لہذا منظوری دیجاتی ہے۔ صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر اپنی رپورٹ کے بموجب عملدرآمد کرین کاغذ واپس ہو۔

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت بیباقی تنخواہ پیشگی	۱و۲
۲	تقرر مسٹر عبید اللہ صاحب	۲
۳	[illegible] صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت	"
۴	رخصت ڈاکٹر جابر پرشاد صاحب	"
۵	رخصت کلرک دار الانشاء	"
۶	اضافہ سید ظفر علی	۳
۷	تنسیخ رخصت منشی حامد علی خان	"
۸	رخصت انسپکٹر صاحب جنگل	"
۹	" سید احمد ڈاکٹر	"
۱۰	نقشہ زچہ خانہ اقلیس	ضمیمہ

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض — میر سامان

جناب عالی

گزارش ہے کہ رپورٹ منیجر دکان خزانہ سے معلوم ہوا کہ اکثر وظیفہ دار و ملازمان سرکار جو خزانچیان سے پیشگی تنخواہ ذریعہ رقعہ لے لیتے ہیں وہ وضعات کی نسبت عذر کرتے ہیں کہ چہارم سے زیادہ وضعات نہ کیجائے۔ چونکہ حکم وضعات چہارم متعلق قرضہ عام ہے اور پیشگی قرضہ خاص ہے یعنی اسکے بموجب باہم فریقین کے معاملہ ہو جاتا ہے کہ ختم ماہ پر جب سرکار سے تنخواہ ملے خزانچیان کو رقم پیشگی واپس دیجائے اسلئے اثر اس حکم کا ان رقوم کی پیشگی پر علیٰحدہ فرمایا جائے ورنہ ایک رقم کثیر وصول نہوگی اور مطالبہ جات سرکار کی سبیل مین دقت ہو جائیگی دراصل پیشگی کا مطالبہ اور بار تنخواہ پر بمقابلہ قرضہ اقساط وغیرہ کے مقدم ہے ورنہ سلسلہ پیشگی دینے کا مسدود کرنا پڑیگا اور اس سے قرضخواہونکو بھی نقصان پہنچیگا کہ ضرورت پر قرضہ پیشگی نہ دیا جائے۔ اُمیدوار کہ حکم عالی صادر فرمایا جائے۔ زیادہ حد ادب

دولت جاوید باد

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۱ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

مسٹر عبداللہ سب انجنیر انہار کا تقرر یکم مئی سنہ ۱۹۲۴ء سے بمشاہرہ پانسو روپیہ ماہوار منظور کیا جاتا ہے۔ اُنکی تنخواہ مین سے ماہوار ۔۔ روپیہ ماہوار حق پنشن و رخصت وغیرہ اور ۔۔ روپیہ ماہوار جی۔ پی فنڈ مین وضع ہوا کرینگے پوری تنخواہ پانسو روپیہ برآورد مستقل عملہ انہار مین درج کیجائے۔ دیوان الصدر رقم حق پنشن وغیرہ اور رقم جی۔ پی فنڈ کے متعلق حسب قاعدہ عملدرآمد کرین۔ مسٹر عبداللہ انجنیر انہار کو صرف مکان برائے قیام ریاست سے دیا جائیگا یا کرایہ مکان سرکار سے ادا کیا جائیگا۔ احکام حسب صراحت بالا جاری ہون بخشیگری اور خزانہ مین پوری تعمیل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر انہار مورخہ ۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۴ء اور حکم ہذا کی بھیجی جائین۔ تحریر انگریزی جو شامل مثل ہے سررشتہ دیوان الصدر مین اسکی نقل بھی بھجوائی جائے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۱ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

خان بہادر سید جمیل احمد صاحب سکریٹری چیف صنعت و حرفت و تجارت کی تنخواہ مین بسلسلہ ملازمت انگریزی گورنمنٹ عالیہ سے مبلغ تیس روپیہ ماہوار اضافہ بموجب ٹائم اسکیل یکم مئی سنہ ۱۹۲۴ء سے منظور کیا ہے۔ یہی اضافہ اُنکو ریاست کی تنخواہ مین یکم مئی سنہ ۱۹۲۴ء سے منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۲ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر۔ صاحبزادہ ۔۔ سب اسسٹنٹ سرجن کی رعایتی مزید رخصت پندرہ ۱۵ یوم منظور فرمائی گئی

رخصت و عارضی تقرر

۲۴ مئی سنہ ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ میر منشی صاحب دارالانشا۔ دو ماہ کی مزید رخصت بابو ہیرا لعل ۔۔ کلرک دارالانشا مشاہرہ دار چالیس روپیہ ماہوار کی بوضع تنخواہ بسلسلہ رخصت سابقہ منظور فرمائی گئی۔ اور ۱۱ مئی سنہ ۱۹۲۴ء سے اُنکے زمانہ رخصت مین ۔۔ کا عارضی تقرر تیس روپیہ ماہوار

تا ختم رخصت منظور فرمایا گیا۔

اضافہ

۲۰ مئی ۱۹۲۴ء

حسب تحریر مولوی انصار حسین صاحب موسوئے صاحب چیف سکریٹری بہادر سید ظفر علی عرف نواب جان ملازم پولیس متعینہ کوتوالی کی تنخواہ موجودہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

اضافہ

۲۹ مئی ۱۹۲۴ء

منشی شیدا علی خانصاحب اسسٹنٹ سررشتہ دار صدر کی موجودہ تنخواہ میں پچیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

منسوخ رخصت

۲۰ مئی ۱۹۲۴ء

منشی حامد علی خان اہلمد اجلاس ہذا کی رخصت دو ماہ کی بابت جو ۱۹ مارچ سنہ ۱۹۲۴ء کو حکم منظوری صادر ہو کر طبع ہو چکا ہے بوجہ عدم استفادہ اہلمد مذکور منسوخ کیا گیا۔

رخصت

۲۰ مئی ۱۹۲۴ء

حسب تحریر صاحب میونسپل افسر ۔ سید سکندر شاہ انسپکٹر حلقہ شرقی چنگی کی رعایتی رخصت پندرہ یوم ذمہ داری غلام سبحانی خان انسپکٹر منظور کی گئی۔

۲۹ مئی ۱۹۲۴ء

حسب تحریر صاحب اسسٹنٹ سرجن ۔ سید احمد ڈاکٹر سب اسسٹنٹ سرجن شفاخانہ بلاسپور کی رخصت پندرہ یوم بوضع تنخواہ منظور ہوئی۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ روپے ہے

التوحید ۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک .... ۱۲ روپے ہے

خصائص معاویہ ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع حامدی کے ملحقات میں ہے۔ جو دراصل محمد بن عقیل شعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک .... ۱۰ روپے ہے

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۶ مئی لغایت یکم جون ۱۳۲۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم				۹/ر	۹/ر	۹/ر	
نخود خالص				۱۴/ر	۱۳/ر	۱۵/ر	
نخود کسہ آمیز				۱۶/ر	۱۴/ر	۱۵/ر	
کسہ				۱۷/ر	۱۵/ر	۱۷/ر	
ماش				۸/ر	۸/ر	۹/ر	
مونگ				۰	۰	۹/ر	
مکا				۰	۵/ر	۰	
جئی				۱۷/ر	۱۷/ر	۱۶/ر	
گوجئی				۱۲/ر	۰	۱۲/ر	
عدس				۱۵/ر	۱۴/ر	۱۳/ر	
ارہر				۱۶/ر	۱۴/ر	۱۲/ر	
برنج				۵/ر	۰	۵/ر	
روغن زرد				۲ چھٹانک	۲ چھٹانک	۲ چھٹانک	
روغن سیاہ				۱۰/ر	۱۰/ر	۱۰/ر	
روغن کنجد				۱/ر	۱/ر	۱/ر	
نمک سانبھر				۱۱/ر	۱۱/ر	۱۲/ر	
نمک لاہوری				۵/ر	۰	۷/ر	
قند سیاہ				۸/ر	۸/ر	۸/ر	
ماچیرہ				۰	۰	۰	

سرکاری پریس ریاست رامپور